Total No. of Printed Pages—12

**X/19/Ur**

# 2019

## URDU

( INDIAN LANGUAGE )

**(CANDIDATES WITH INTERNAL ASSESSMENT)**

*Full Marks* : 80

*Pass Marks* : 24

**(CANDIDATES WITHOUT INTERNAL ASSESSMENT)**

*Full Marks* : 100

*Pass Marks* : 30

*Time* : 3 hours

(For Both Categories of Candidates)

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

ہدایات :

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(iii) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(iv) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھتے ہوئے سوالوں کے برمحل اور موزوں جواب لکھئے۔

(v) **داخلی تخصیص** (Internal Assessment) والے امیدوار صرف سوال نمبر 1 تا سوال نمبر 9 کے ہی جواب لکھیں جبکہ **غیر داخلی تخصیص** (Without Internal Assessment) والے امیدوار سوال نمبر 1 تا سوال نمبر 11 تک کے سبھی سوالوں کے جواب تحریر کریں۔

SECTION—I

**[ نثر (Prose) اور سوانحی خاکہ (Life History) ]**

[*Marks* : 30]

**1**- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھئے : 2½×2=5

(*a*) چکبست لکھنوی نے جس ماحول میں آنکھ کھولی تھی وہ ماحول کیا تھا؟

(*b*) مضمون ''مخلوط زبان'' میں اردو زبان کی کن بنیادی خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

(*c*) '' ہم نے کوئی جرم نہیں کیا ، ہم اپنے ملک کے لئے اپنے بادشاہ کی طرف سے لڑے ہیں۔''

(*i*) درج بالا جملہ کس سبق سے ماخوذ ہے؟ 1

(*ii*) یہ جملہ کس نے کس سے کہا تھا؟ 1

(*iii*) جملے میں 'بادشاہ' سے مراد کون ہے؟ ½

**2**- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 4

(*a*) مضمون '' عورتوں کے حقوق '' میں سرسید احمد خاں نے مذہب اسلام کی روشنی میں جو عورتوں کے حقوق کا ذکر کیا ہے ، اُسے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(*b*) آپ بیتی '' چوری اور اس کا کفارہ '' میں نوجوان گاندھی کی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات و حالات کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

3 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 2½×2=5

(a) '' وہ بے کار گریجویٹ جو مارے مارے پھر رہے ہیں ، ان میں کچھ تو کمی ہوگی۔''

(b) '' اس لئے بچپن میں مجھے گھر سے باہر جانے اور عام صحبتوں میں بیٹھنے یا آوارہ پھرنے کا بالکل اتفاق نہیں ہوا۔''

(c) '' زمانۂ قدیم میں انسان اس تعلق سے نہ صرف بخوبی واقف تھا بلکہ اس کی زندگی ان قدرتی وسائل کے گرد گھومتی تھی۔''

4 (a) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×4=4

(i) ہوا اور پانی کی کثافت کو قابو میں رکھنے کے لئے قدرت نے کیا انتظام کر رکھا ہے؟

(الف) بڑے بڑے پہاڑوں کو بنا کر

(ب) سمندر اور دریاؤں کو بنا کر

(ج) بے شمار نباتات اور جنگلات کو بنا کر

(ii) ''اے ، تم لوگوں کو شرم نہیں آتی ، ایک بے قصور عورت کو ، اس طرح مار رہے ہو۔''— یہ جملہ کس نے کہا ہے؟

(الف) رام سہائے مل

( ب ) بھاگ وتی

( ج ) کشن کنور

(iii) سر تیج بہادر سپرو کس ہندوستانی زبان کو ہندو مسلم میل جول اور اتحاد کا ذریعہ مانتے ہیں؟

(الف) ہندی زبان کو

( ب ) اردو زبان کو

( ج ) سنسکرت زبان کو

(iv) بچپن میں سر سید احمد خاں اپنے والد کے ہمراہ کس گاؤں میں جایا کرتے تھے؟

(الف) سکندر پور

( ب ) منصور پور

( ج ) مغل پور

(b) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×4=4

(i) دھات سازی

(ii) صاحبِ فراش

(iii) صریح امتیاز

(iv) تبادلۂ خیال

5. (a) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا سوانحی خاکہ مع ادبی خدمات مختصر طور پر لکھئے : 4

(i) آلِ احمد سرور

(ii) فراق گورکھپوری

(b) مندرجہ ذیل تصانیف / مجموعۂ کلام کے مصنفین / شعراء کے نام لکھئے : 1×4=4

(i) کاروانِ وطن

(ii) آوارہ سجدے

(iii) تلاشِ حق

(iv) یادگارِ غالب

SECTION—II

**[ (Poetry) نظم ]**

[*Marks* : 20]

6. (*a*) کیفی اعظمی کی تخلیق شدہ نظم ' آندھی ' کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔ 4

(*b*) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھئے : 2½×2=5

(*i*) تلوک چند محروم کی رباعی میں ' حُسنِ عمل ' اور ' راست گوئی ' سے کیا مراد ہے؟

(*ii*) اختر شیرانی کی نظم ''او دیش سے آنے والے بتا!'' میں ' آوارۂ غربت ' کون ہے اور ' کنعانِ وطن ' سے کیا مراد ہے؟

(*iii*) نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' میں سر میں شوق کا سودا دیکھا ' اور ' میرا حصّہ دُور کا جلوہ ' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(*c*) خالی جگہوں کو پُر کر کے ، مندجہ ذیل رباعی مکمل کیجئے : ½×4=2

ہر .................... سے مانا کہ جدا ہو جائے
کیا ہے اگر .................... خدا ہو جائے
شاعر کا تو بس .................... یہ ہے ہر دل میں
کچھ دردِ .................... اور سوا ہو جائے

7. (a) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 2½×2=5

(i) گذر مرا، ترے کوچے میں کو نہیں نہ سہی

مرے خیال میں تُو لاکھ بار گزرے ہے

(ii) ہر جا تری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے

حیراں ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

(iii) ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ

ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

(b) مندرجہ ذیل مرکب الفاظ کے مفہوم (معنی) کو واضح کیجئے : 1×4=4

(i) نشاناتِ ستم

(ii) زنجیرِ در

(iii) ریحانِ وطن

(iv) ہفتِ طباق

## SECTION—III

### [ (Grammar & Composition) قواعد اور طرزِ نگارش ]

[*Marks* : 30]

8. (*a*) اردو قواعد میں ضمیر سے کیا مراد ہے؟ اس کے اقسام کی تعریفات مع مثال کیجئے۔ 4

(*b*) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوبات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×4=4

(*i*) '' اَے ، نوجوان رُک جاؤ''—اس جملے میں ' اَے ' کیا ہے؟

(الف) حرفِ جار

(ب) حرفِ عطف

(ج) حرفِ ندا

(*ii*) '' آئندہ ہفتہ مجھے دلّی جانا ہے''— اس جملے سے کِس زمانے کی نشاندہی ہوتی ہے؟

(الف) زمانہ حال

(ب) زمانہ مستقبل

(ج) زمانہ ماضی

*(iii)* ’’ جیسی روح ویسے فرشتے ‘‘— اِس ضرب المثل کا کیا مطلب ہے؟

(الف) فرشتے کی طرح روح کا ہونا

(ب) جیسے خود ویسی ہی پسند

(ج) روح کی طرح فرشتے کا ہونا

*(iv)* ’’ شاگرد کو استاد کا .................. ہونا چاہیے‘‘— اس جملے میں خالی جگہ کو کِس لفظ سے پُر کریں گے؟

(الف) تابے

(ب) طالع

(ج) تابع

*(c)* مندرجہ ذیل مترادفات کو مکمل کیجئے : 1×4=4

*(i)* ہوش و ..................

*(ii)* عجیب و ..................

*(iii)* جاہ و ..................

*(iv)* غور و ..................

(d) مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھئے : 1×4=4

(i) آمد

(ii) ارض

(iii) خیر

(iv) حاکم

(e) مندرجہ ذیل تذکیر کی تانیث لکھئے : 1×4=4

(i) معلّم

(ii) ملازم

(iii) مخدوم

(iv) سلطان

(f) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھئے : 1×4=4

(i) اشارہ

(ii) برکت

(iii) تجویز

(iv) جنس

9- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم 150 لفظوں میں مضمون لکھئے : 6

(a) کھیلوں سے فائدے

(b) قومی یکجہتی

(c) کمپیوٹر اور ہماری زندگی

SECTION—IV

**(For the Candidates without Internal Assessment only)**

**(صرف غیر داخلی تخصیص والے امیدواروں کے لئے)**

[*Marks* : 20]

10- مندرجہ ذیل اصنافِ سخن پر مختصر روشنی ڈالئے : 2½×4=10

(a) غزل

(b) نظم

(c) رباعی

(d) مثنوی

**11-** مندرجہ ذیل سوالوں کا صرف ایک جملے میں جواب دیجئے : 1×10=10

(a) غزلوں کا دیوان 'نغمۂ الہام' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(b) اکبر الہٰ آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(c) کیفی اعظمی کس سیاسی پارٹی کے سرگرم رکن تھے؟

(d) ڈاکٹر محمد اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

(e) میر ببر علی انیس کو کس صنف سخن میں غیر معمولی مقبولیت حاصل ہے؟

(f) سعادت حسن منٹو کی تحریر شدہ کسی ایک افسانے کا نام لکھئے۔

(g) حیات اللہ انصاری کے افسانوں کا پہلا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

(h) سوانحی ادب میں ''حیاتِ سعدی'' کس کی تصنیف ہے؟

(i) اردو ڈرامے کا آغاز کس کے زمانے میں ہوا؟

(j) محمد مجیب نے 1857 کے المناک تاریخی واقعے سے متاثر ہو کر کون سا ڈراما تحریر کیا؟

★★★